# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز ہفتہ مورخہ 04 جون 2022ء بوقت 3:00 بجے سہ پہر منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

## ترتیب کارروائی

1) تلاوت قرآن پاک وترجمہ

2) غیر سرکاری کارروائی

### i) قرارداد نمبر 143 منجانب:۔ جناب عبدالواحد، صدیقی، رکن صوبائی اسمبلی۔

ہرگاہ کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں بحثیت مسلمان اللہ رب العالمین کو واحد لاشریک اور محمد ﷺ کو خاتم النبین سمجھتے ہیں۔ چونکہ ختم نبوت کا عقیدہ ہمارے ایمان کا حصہ اور اس کا دفاع ہمارا ایمانی فریضہ ہے اور آئین پاکستان نے بھی اس کو مکمل تحفظ فراہم کیا ہے اس لئے نسل نو کو ختم نبوت کی ضرورت واہمیت کے عنوان سے باخبر رکھنے کے لئے یہ ہمارے نصاب تعلیم کا حصہ ہونا چاہیے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ قران وحدیث اور سیرت کی روشنی میں ختم نبوت کے عنوان سے نصاب تعلیم میں مضامین شامل کیے جائیں۔

### ii) قرارداد نمبر 144 منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، قائد حزب اختلاف بلوچستان صوبائی اسمبلی

ہرگاہ کہ محکمہ انرجی حکومت بلوچستان صوبہ کے عوام کو بجلی کی فراہمی کا ذمہ دار ہے۔ جبکہ محکمہ انرجی عملاً سروے، تخمینہ اور کام مکمل کرنے کی تمام کارروائی کیسکو کے ذریعے کرتا ہے۔ کیسکو کے اعلیٰ حکام اور عملہ سروے اور PC-I بنانے میں لیت ولعل اور اراکین بلوچستان اسمبلی کو مختلف طریقوں سے پریشان کرتے ہیں۔ محکمہ انرجی کی جانب سے بروقت سکیم کی لاگت کا چیک کیسکو کو فراہم کرنے کے باوجود کئی ماہ تک نہ تو وہ بجلی کی اسکیمز شروع کرتے ہیں اور نہ ہی ٹرانسفارمر فراہم کرتے ہیں۔ جسکی وجہ سے اراکین اسمبلی بار بار کیسکو کے دفاتر کا چکر لگاتے ہیں۔ ان کے اس عمل سے صوبہ کے عوام کو بجلی کی عدم فراہمی کے باعث سخت مشکلات کا سامنا کرنے کے ساتھ ساتھ وہ سکیم بھی متاثر ہوجاتی ہے۔

واضح رہے کہ کیسکو حکام جان بوجھ کر بجلی کی اسکیمز پر عمل درآمد میں تاخیر کرتے ہیں اور محکمہ انرجی کی جانب سے بھیجے گئے فنڈز کی رقم اپنے پاس رکھتے ہیں اور 6 ماہ کی تاخیر کے بعد مطالبہ کرتے ہیں کہ چونکہ جس فنڈ میں سکیم بنی تھی اب ٹرانسفارمر پول، تار مہنگے ہوئے ہوگئے ہیں اس لئے اس اسکیم پر نظر ثانی کرکے نیا سکیم بنایا جائے۔ بہ ایں وجہ 2019-20 کے بجلی اسکیمز تاحال مکمل نہیں ہوئے ہیں۔ چونکہ محکمہ PHE اور محکمہ انرجی میں الیکٹریکل انجینئرز موجود ہیں۔

(جاری صفحہ۔۔2)

Scanned with CamScanner

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ فی الفور صوبہ بھر میں بجلی کی فراہمی سے متعلق محکمہ انرجی اور محکمہ PHE کے الیکٹریکل انجینئرز کے ذریعے بجلی کی اسکیمات کے سروے PC-I بنانے کے عمل کو شروع کرنے اور بجلی کے تمام پروجیکٹ کو خود مکمل کرنے کو یقینی بنانے کی بابت عملی اقدامات اٹھائیں اور اسکیم کی تکمیل پر بجلی کے میٹرز کی تنصیب کیسکو سے کرانے کے بعد چارج کیسکو کے حوالے کیا جائے۔

**iii) قرارداد نمبر 145 منجانب:۔ جناب نصر اللہ خان زیرے صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ PTV ایک ملکی نشریاتی ادارہ ہے جس پر ملک کے تمام صوبوں اور اُن کے زبانوں کا پورا حق آئینی طور پر حاصل ہے مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ گزشتہ چند سالوں سے PTV اسٹیشن کے تمام قومی زبانوں پشتو، بلوچی، براہوی، ہزارگی اور دیگر پروگرام نئے ڈرامے اور نئے سٹیج پروگرام مکمل طور پر ختم اور بند کردیئے گئے ہیں۔ مزید براں اس بابت کافی عرصے سے کوئی بجٹ بھی نہیں رکھا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ صرف یہاں کے مقامی فنکاروں میں شدید مایوسی پائی جاتی ہے بلکہ صوبہ کے قومی زبانوں کو مکمل طور پر نظر انداز کیا جارہا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کریں کہ وہ PTV کوئٹہ سینٹر میں نئے ڈراموں/پروگراموں کے لیئے بجٹ مختص کرنے کو یقینی بنائیں تاکہ مقامی فنکاروں میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔

کوئٹہ
مورخہ 03 جون 2022ء

**سیکرٹری**
بلوچستان صوبائی اسمبلی

Scanned with CamScanner